علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس: مطالعہ مسیحیت (4958)　　　　سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)　　　　کریڈٹ: 3

خط برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمة الله وبركاته:

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جارہے ہیں۔
آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفانہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی مآخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں نا قابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بر وقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبداللہ
کورس رابطہ کار

علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ مسیحیت (4958) — سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) — کریڈٹ: 3

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ نمبر 1–4)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ حضرت عیسیٰؑ کا تعارف اور قرآن مجید کی سورتوں میں ان کا تذکرہ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اناجیل اور قرآن میں حضرت مریمؑ کے مقام و مرتبے کو بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضرت عیسیٰؑ کی آمد کی بشارت سے متعلق روایات پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مسیحیت میں عقیدہ ابنیت مسیح کے نظریہ اور اسلام میں حضرت عیسیٰؑ کے مقام کے حوالے سے دونوں مذاہب کا فرق بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ دوسیٹس فرقے کا تعارف مسیحی عقائد پر اثرات اور ایبونی فرقے کے ساتھ اختلافات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ عہد نامہ جدید کا مفہوم، تعارف اور اس کے اہم حصوں کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نجران میں مسیحیت کے نفوذ کے اسباب، ذرائع اور تاریخی اثرات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ صلیبی جنگوں کے آغاز کے مذہبی اسباب پر روشنی ڈالیں، اور ان کے اثرات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رومی حکمرانوں کے عیسائیت سے خوف، قسطنطین کی حمایت اور مسیحیت کی سرکاری سرپرستی کے آغاز کی تاریخ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پروٹسٹنٹ ازم کی بنیاد، اس کے مسیحی عقائد پر اثرات، کیتھولک اور پروٹسٹنٹ عقائد کے فرق، اور پروٹسٹنٹ اصلاحات کے اثرات کو مسلم نقطہ نظر سے تقابل کے ساتھ بیان کریں۔ (20)